Question Paper Serial No. 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

یہاں سے کاٹئے

اس طرف سے کاٹ کر سوالنامہ کھولئے

Tear here

# C

**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 48 ]
Total No. of Questions : 48 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

## ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

## Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 30. 06. 2022 ] [ Date : 30. 06. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 48 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشئے میں مکمل مارکس دیئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ کے بعد کون پیشوا بنا ؟

(A) نارائن راؤ

(B) مادھوراؤ II

(C) نانا فرناویس

(D) رگھوناتھ راؤ

2. ڈرائن تھیوری کو سمجھانے ( Explained ) والے

(A) دادا بھائی نوروجی

(B) مہاتما گاندھی

(C) اے — و — ہیوم

(D) بال گنگادھر تلک

3. یہ ملک اِسکی خارجہ پالیسی سے ناوابستہ پالیسی کو اپنایا ہے۔

(A) امریکہ

(B) روس

(C) چین

(D) ہندوستان

4. انّاملائی جنگلی جانوروں کی پناہ گاہ اِس ریاست میں ہے۔

(A) کرناٹک (B) کیرلا

(C) تمل ناڈو (D) تلنگانہ

5. ایک سال کے عرصہ میں ملک میں پیدا کئے گئے اشیاء اور خدمات کی کُل قدرو قیمت کو کہا جاتا ہے۔

(A) فی کس آمدنی (B) ترقی

(C) قومی آمدنی (D) انسانی ترقی کا اشاریہ

6. ہندوستان میں صارفین کے تحفظ کا قانون اِس سال نافذ ہوا۔

(A) 1962

(B) 1968

(C) 1976

(D) 1986

7. یہ عورتوں کی اہم تحریک ہے۔

(A) شراب مخالف تحریک

(B) چھوت چھات مخالف تحریک

(C) مزدوروں کی تحریک

(D) کسانوں کی تحریک

8. بغیر اجرت مزدور کی ایک بہترین مثال ہے۔

(A) سڑک کے کنارے بیوپار

(B) اپنی تسلّی کے لئے تصویر بنانا

(C) صنعتوں میں کام کرنا

(D) استاد کی طرح اِسکول میں کام کرنا

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **8 × 1 = 8**

9. عالمی صارفین تحریک کی تاریخ میں 15 مارچ 1962 کا ایک اہم دن کیوں قرار دیا گیا ؟

10. ٹراپکی برگ فشاں جنگلات کو مانسونی جنگلات کیوں کہا جاتا ہے ؟

11. چپکو تحریک کا اہم اثر کیا ہوا ؟

12. موسم گرما کے دوران ہندوستان میں درجہ حرارت زیادہ ہونے کی وجہ کیا ہے ؟

13. عہد معاونت پالیسی کو کس نے جاری کیا ؟

14. دوسری اینگلو میسور جنگ کس معاہدہ پر ختم ہوئی ؟

15. 1962ء میں ہندوستان پر کس پڑوسی ملک نے حملہ کیا ؟

16. ''ہندوستان کی حقیقی ترقی ہی دیہاتوں کی ترقی ہے۔'' یہ کس نے کہا ؟

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : **18 × 2 = 36**

17. بکسر کی جنگ کے نتائج لکھئے۔

18. 1961ء میں پرتگالیوں سے گوا کو کس طرح آزادی ملی ؟

19. ہندوستان کی خارجہ پالیسی پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں ؟

یا

دوسری عالمی جنگ کے بعد کون کونسے اہم مسائل درپیش آئے ؟

20. غیر منظم مزدوروں کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟ اِن کی فہرست بنائیے۔

یا

اہم ماحولیاتی تحریکوں کی فہرست لکھئے۔

21. ہندوستان کے اہم طبعی حصّے کونسے ہیں ؟

22. مٹی کے کٹاؤ کے وجوہات (اسباب) کون کونسے ہیں ؟

23. معاشی ترقی کے مقاصد ( Objectives ) کو لکھئے ۔

24. بینک کے کھاتوں کی قسمیں کون کونسی ہیں ؟

25. چوتھی اینگلو میسور جنگ کے نتائج کیا ہیں ؟

26. اینی بیسنت کی اصلاحی کاروائیاں کون کونسی ہیں ؟

27. آزادی کے وقت ہندوستان کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟

28. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی نکات کیا ہیں ؟

29. تخفیف اسلحہ کے اہم معاہدوں کے نام لکھئے ۔

30. سماجی پرتوں کے نظام کی خصوصیات کونسے ہیں ؟

31. ہندوستان کے ساحلی میدان کی معاشی اہمیت کو بیان کیجئے۔

32. ہندوستان کے اہم موسم ( آب وہوا ) کون کونسے ہیں ؟

33. غیرترقی یافتہ ( ترقی پذیر ) مما لک کی خصوصیات کیا ہیں ؟

34. بینک کے قسموں کی فہرست لکھئے۔

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : **9 × 3 = 27**

35. انگریزی تعلیم کے اثرات ہندوستانیوں پر کیسے ہوئے ؟

یا

انگریزوں کے خلاف سنگولی رائینا نے کس طرح بغاوت کی ؟

36. آریہ سماج کے مقاصد کیا ہیں ؟

37. 1857ء کی بغاوت کئی وجوہات کی بنا پر ناکام ہوئی۔ سمجھائیے۔

38. ہندوستان اور روس کے درمیانی تعلقات کو بیان کیجئے۔

39. آزاد ہندوستان نے چھوت چھات کے خاتمہ کو دور کرنے کے لئے کون کونسے اقدامات اُٹھائے ہیں ؟

40. صنعتوں کی مقامیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں ؟

یا

ملک کی ترقی کے لئے نقل و حمل کی اہمیت کو بیان کیجئے۔

41. سیلاب سے ہونے والے اثرات کیا ہیں ؟

42. پیداواری حلقے کو اشیاء کی مانگ میں تبدیلی کی وجہیں کیا ہیں ؟

یا

پنچایت راج نظام کی اہم خصوصیات کون کونسے ہیں ؟

43. بینک کے کام وکاج کو بیان کیجئے۔

یا

صنعت کار کی خصوصیات بیان کیجئے۔

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : **4 × 4 = 16**

44. ہندوستانی آزادی کی جدوجہد میں سبھاش چندر بوس کا کردار بیان کیجئے۔

45. ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں مختلف قبائیلی بغاوتوں کو بیان کیجئے۔

یا

جدوجہد آزادی ( ہندوستانی آزادی کی تحریک ) میں انتہاپسندوں کا کردار بیان کیجئے۔

46. عورتوں کے مقام کو بہتر بنانے کے لئے حکومت نے کونسے اقدامات اُٹھائے ؟

47. ہندوستان میں عمل میں لائے جانے والی زراعت کی مختلف قسموں کی فہرست لکھئے۔

**VI. 48.** ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

a) $82\frac{1}{2}^{\circ}$ مشرقی طول البلد

b) دریائے نرمدا

c) نیو منگلور بندرگاہ

d) بھاکرا ننگل منصوبہ

نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر **48** کی جگہ)

5 ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟